سوال

(59) مفقود الخبر متوفی عنھا کی بیوی کی عدت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مفقود الخبر کی بیوی کی عدت کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے ؟ یعنی جس دن عورت کو اطلاع ملے کہ آپ کا خاوند فوت ہوچکا ہے یا جس دن وہ فوت ہوا تھا ۔ مثلاایک آدمی ۲۵جون کو گھر سے لا پتہ ہوااور دوماہ کے بعد۲۶اگست کو اطلاع ملی کہ وہ فوت ہوگیا ہے لیکن وہ فوت ۲۶جون کو ہوا تھا اب اس عورت کی عدت کب سے شروع ہوگی ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت اسلامیہ میں احکام کی بنیاد شکوک وشبہات کی بجائے پختہ امور پر رکھی جاتی ہے ۔ اگر تو اس کی موت کی ایسی مستند خبر ملی ہے ، جس پر یقین کیا جاسکتا ہو تو پھر عدت کا آغاز اس کی موت کے دن 26 جون سے ہی شروع ہوجائے گا ۔ لیکن اگر یہ خبر مشکوک ہو اور فائنلی طور پر معلوم نہ ہوسکے کہ اس کی موت کس دن واقع ہوئی تھی تو پھر عدت اس دن سے شروع ہوگی ، جس دن سے خبر ملی ہے ۔ کیونکہ احکام میں اعتماد یقین پر کیا جاتا ہے ، شک پر نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی